Rampur State Gazette.

گزٹ ریاست رامپور

بحکم بندگان اعلیحضرت حضور پرنور دام اقبالہم وملکہم

نمبر | مطبوعہ روز دوشنبہ تاریخ ۱۲ رجب المرجب ۱۳۴۲ھ مطابق ۱۸ فروری ۱۹۲۴ء | جلد ۳۶

فہرست مضامین

نمبر شمار	خلاصہ مضمون	نمبر صفحہ
۱	اضافہ کلرک دفتر وارڈرکس	۱
۲	رخصت اختر جمیل احمد	۲
۳	انتظام بسلسلہ کار آموزی نعمت اللہ خان	״
۴	تقرر فدا علی خان	״
۵	الاونس سید ضامن علی صاحب	״
۶	اعلان علمی ذخیرہ	״
۷	نقشہ نرخنامہ اجناس	ضمیمہ

ملخص احکام اجلاس ہمایون بندگان حضور پرنور دام اقبالہم

اضافہ

۶ فروری ۱۹۲۴ء

حسب عرضداشت صاحب جوڈیشل سکریٹری بہادر منشی لال بہادر کلرک دفتر وارڈرکس کی تنخواہ موجودہ مین دس روپیہ ماہوار اضافہ بوجہ ملازمت دیرینہ و انجام دہی کار متعلقہ بمحنت و ہوشیاری منظور فرمایا گیا۔

رخصت

۱۰ر فروری سنہ ۱۹۲۴ء

حسب رپورٹ صاحب سکریٹری بہادر دفتر شمار منشی احمد جمیل اہلمد دفتر شمار کی مزید رخصت یکماہ بوضع تنخواہ علالت کی وجہ سے منظور فرمائی گئی۔

حکم اجلاس صاحب ریونیو سکریٹری بہادر واقع ۱۱ر فروری سنہ ۱۹۲۴ء

مثنہ عرضداشت اجلاس مرقومہ ۵ر فروری سنہ ۱۹۲۴ء

دربارہ عطاے منظوری بسلسلہ کارآموزی نعمت اللہ خان

جمعدار موشنڈ پولیس بہ امپریل سروس براے تین ماہ

چونکہ عرضداشت ۵ر فروری سنہ ۱۹۲۴ء کی منظوری پیشگاہ بندگان عالی حضور معلے دام اقبالہم وملکہم سے ہوچکی ہے۔ لہذا حکم ہوا کہ پرسون ۱۳ر فروری سنہ حال سے نعمت اللہ خان کو امپریل سروس مین براے کارآموزی بھیجا جاے اور ۱۳ر فروری سے تین ماہ تک وہ بحساب تیس روپیہ ماہوار تنخواہ پائین بجاے نعمت اللہ خان سردست تین ماہ کے لئے سپے نیاز بہادر خان کا تقرر بطور قایم مقام جمعدار بشاہرہ ۳۵ ماہوار یکم فروری سنہ حال سے منظور ہے علاوہ ۳۵ کے پانچ روپیہ ماہوار الاونس بھی نیاز بہادر خان کو تین ماہ تک ملیگا۔ احکام ضابطہ جاری ہوکر آج ہی کاغذات بذا بخدمت صاحب سپرنٹنڈنٹ بہادر مرسل ہون۔

ملخص احکام اجلاس صاحب ریونیو سکریٹری بہادر

تقرر

۱۱ر فروری سنہ ۱۹۲۴ء

حسب منظوری اجلاس ہمایون بندگان حضور معلے دام اقبالہم وملکہم علی خان کا تقرر بشاہرہ پچھتر روپیہ ماہوار بعہدہ رسالدار میجر سواران پولیس وبحالت عمدگی کام بعد ہر دو سال پانچ روپیہ ماہوار ترقی سو روپیہ تک

۲ر فروری سنہ ۱۹۲۴ء سے منظور ہوا ہے۔ لیکن صاحب سپرنٹنڈنٹ بہادر پولیس کی اس تحریر پر کہ فدا علی خان ۵ر فروری سنہ حال سے سواران پولیس مین کام کرنے لگے لہذا ۵ر فروری سنہ حال سے تقرر فدا علی خان کا بعہدہ وتنخواہ مرقومہ بالا منظور ہے

الاونس

۱۳ر فروری سنہ ۱۹۲۴ء

حسب منظوری اجلاس ہمایون بندگان حضور معلے دام اقبالہم وملکہم سید ضامن علی اسسٹنٹ کورٹ انسپکٹر پولیس کو دس روپیہ ماہوار الاونس تا انجام دہی خدمات کورٹ انسپکٹری بوجہ حصول رخصت تین ماہ سید قاسم علی کورٹ انسپکٹر عطا کیا گیا۔

علمی ذخیرہ

اعلیحضرت خلد اللہ ملکہ کے حکم سے کتب ذیل تالیف ہوکر طبع ہوگئی ہین ایسا ذخیرہ مشکل سے ہاتھ آتا ہے۔ اس نادر موقع سے ضرور فائدہ اٹھایئے اور احباب کو بھی دکھایئے۔

قول شافی۔ یہ حدیث کی مشہور کتاب کافی کا اردو ترجمہ ہے۔ اسکی عمدگی اسکے نام سے ظاہر ہے۔ جلد دوم کا پہلا حصہ چھپ چکا ہے۔ قیمت علاوہ محصول ڈاک صرف ۱۲/ ہے

التوحید۔ یہ کتاب جامع حامدی کی جلد اول کا پہلا حصہ ہے۔ اسمین خداوند عالم کے وجود اسکی توحید اور صفات سے مفصل بحث کی گئی ہے۔ اسکی قیمت بھی علاوہ محصول ڈاک ۱۲/ ہے۔

جسقدر نسخے مطلوب ہون درخواست منصرم صاحب کتب خانہ کی خدمت مین ارسال فرمایئے۔

ذوالفقار حسین مہتمم تالیفات ریاست رامپور

نقشہ نرخنامہ اجناس ریاست رامپور من ابتدا ۱۱ لغایت ۱۷ فروری سنہ ۱۹۲۴ء

کیفیت	ٹانڈہ	سوار	بلاسپور	ملک	شاہ آباد	حضور تحصیل	نام جنس
دیگر تحصیلات تحت نقشہ نہیں آئیں	۱۰ ثار		۷ ثار		۷ ثار		گندم
	۱۴ ثار		۱۴ ثار		۱۴ ثار		نخود خالص
	۱۵ ثار		۱۵ ثار		۱۵ ثار		نخود کسہ آمیز
	۱۶ ثار		۱۶ ثار		۱۵ ثار		کسہ
	۹ ثار		۱۰ ثار		۹ ثار		ماش
	۶ ثار		۱۰ ثار		۰		مونگ
	۱۳ ثار		۱۲ ثار		۱۲ ثار		مکا
	۱۶ ثار		۱۶ ثار		۰		جئی
	۱۳ ثار		۰		۰		گوجئی
	۱۴ ثار		۱۵ ثار		۰		عدس
	۱۳ ثار		۰		۰		ارہر
	۵ ثار		۶ ثار		۵ ثار		برنج
	۰ ثار		۰ ثار		۰ ثار		روغن زرد
	۱ ثار		۱۰ ثار		۱ ثار		روغن سیاہ
	۱ ثار		۵ ثار		۱۰ ثار		روغن کنجد
	۷ ثار		۶ ثار		۶ ثار		نمک سامر
	۸ ثار		۵ ثار		۶ ثار		نمک لاہوری
	۷ ثار		۸ ثار		۷ ثار		قند سیاہ
	۱۱ ثار		۱۰ ثار		۱۰ ثار		باجرہ